06/03/2026

12.30/PM

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

خبروں کا بلٹن لیکر میں شیخ انور الحق

رائے سینا

وزیر اعظم نریندر مودی نے گزشتہ شام نئی دلی میں رائے سیناڈائیلاگ کے 11ویں شمارے کا افتتاح کیا۔اس موقعے پر انہوں نے کہا کہ آج دنیا ایک غیر یقینی صورتحال سے گزر رہی ہے اور ایسے میں بھارت اور یورپ اپنے تعلقات کے سنہرے دور میں داخل ہو رہے ہیں۔

....

اس موقعے پر کلیدی خطبہ دیتے ہوئے فن لینڈ کے صدر Alexander Stubb نے کہا کہ بھارت نئے ورلڈ آڈر میں ایک اہم کردار ادا کرے گا کیونکہ عالمی منظر نامے میں بھارت کا قد لگاتار اونچا ہو رہا ہے ۔

عمر عبداللہ

وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے نوجوانوں پر زور دیا ہے کہ وہ سٹارٹ اپ نظام سے فائدہ اٹھا کر روز گار کے متلاشی بننے کے بجائے روزگار فراہم کرنے والے بن جائیں ۔شیر کشمیر یونیورسٹی آف ایگریکلچر سائنسز اینڈ ٹیکنالوجی جموں میں JKCIP کے تحت منعقدہ سٹارٹ اپ آؤٹ ریچ پروگرام سے خطاب کرتے ہوئے وزیر اعلیٰ نے کہاکہ جموں کشمیر میں JKCIPاورHADP جیسے اقدامات کی بدولت سٹارٹ اپ نظام فروغ پا رہا ہے ۔

اس موقعے پر زراعت کے وزیر جاوید احمد ڈار، وزیر اعلیٰ کے مشیر ناصر اسلم وانی اور کئی دیگردیگر حکام بھی موجود تھے۔

وزیر اعلیٰ سکل

دریں اثنا وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے جموں کشمیر مینمشن سکل کیلئے ایکشن پلان ترتیب دینے کی غرض سے ایک میٹنگ کی صدارت کی۔عمر عبداللہ نے اس موقعے پر جموں کشمیر کے
نوجوانوں کو مارکیٹ موافق ہنروں سے لیس کرنے کیلئے مشن موڈ پر ایک جامع لائحہ عمل ترتیب دینے پر زور دیا۔انہوں نے کہا کہ روایتی نظام تعلیم سے اکثر ہمارے نوجوان جاب مارکیٹ اور کارخانہ داری کیلئے درکار ہنروں سے محروم رہتے ہیں،لہٰذا مجوزہ مشن اس کمی کو دور

کرنے اور جاب مارکیٹ کی ضروریات پورا کرنے کیلئے ہمارے نوجوانوں کو تیار کرے گا
۔میٹنگ میں نائب وزیر اعلیٰ سریندر کمار چودھری ،وزیر اعلیٰ کے مشیر ناصر اسلم وانی ، چیف سیکریٹری اٹل ڈلو اور دیگر کئی سینئر عہدیدار بھی موجود تھے۔

رانا

جل شکتی کے وزیر جاوید احمد رانا نے کل ایک ورچول میٹنگ کے دوران ڈوڈہ ضلع کے ترقیاتی منظر نامے کا جائزہ لیا۔ اس موقعے پر انہوں نے بنیادی ڈھانچے کے پروجیکٹوں پر کام میں سرعت لانے ، ضلع میں آب پاشی کے نظام کو مضبوط بنانے اور سڑک روابط کو بہتر کرنے کی ہدایت دیتے ہوئے اس سلسلے میں مختص کی گئی رقومات کے زیادہ سے زیادہ تصرف پر زور دیا ۔میٹنگ میں ممبر اسمبلی ڈوڈہ شکتی راج پریہار ، بھدوارہ دلیپ سنگھ پریہار اور MLA ضلع ترقیاتی کمشنر ڈوڈہ کشن لال اور کئی دیگر ضلع افسران نے شرکت کی ۔

بانڈی پورہ

ممبر اسمبلی بانڈی پورہ نظام الدین بٹ نے اپنے حلقہ انتخاب میں کانسٹی چیونسی ڈیولپمنٹ فنڈ کے تحت دردست لئے گئے ترقیاتی کاموںکا جائزہ لینے کی خاطر کل ایک میٹنگ کی صدارت
کی۔انہوں نے ہدایت دی کہ ترقیاتی کاموں کی تکمیل کو وقت مقررہ پرمکمل کرنے کیلئے کام میں سرعت لائی جانی چاہئے ۔ انہوننے ترقیاتی پروجیکٹوں کی موثر عمل آوری کیلئے بین محکمہ جاتی تال میل پر بھی زور دیا۔

صوبائی کمشنر

ڈویژنل کمشنر کشمیر انشل گرگ نے سرینگر شہر میںٹریفک کی نقل و حمل کو بہتر بنانے اور بھیڑ بھاڑ کو کم کرنے کی غرض سے نئے پارکینگ مقامات اور دیگرسہولیات سے متعلق DPR کو حتمی شکل دینے کیلئے کل ایک میٹنگ کی صدارت کی ۔اس موقعے پر انہوننے سبھی محکموں کو ہدایت دی کہ وہ سڑکوں ، پلوں اور پارکینگ ایریائز کے تعلق سے ترقیاتی منصوبوں پر مبنی رپورٹس پیش کریں ۔

سرینگر سمارٹ سٹی کو ہدایت دی گئی کہ وہ ای بس روٹس پر بس سٹاپوں کی نشاندہی CEO کرینتاکہ مسافروں کو دقتوں کا سامنا نہ کرنا پڑے۔

پلوامہ

وائلڈ لائف گارڈ امتحان کے JKSSB ڈپٹی کمشنر پلوامہ بشارت قیوم نے 8مارچ کو منعقد ہونے والے سلسلے میں کئے جارہے انتظامات کا جائزہ لینے کی خاطر کل ایک میٹنگ کی صدارت
امتحانات کیلئے چیف انسپکٹر بھی ہیں، نے ڈپٹی کمشنر SSB کی۔ایڈیشنل ڈپٹی کمشنرپلوامہ جو کہ کو امتحان کے احسن انعقاد کیلئے کئے جا رہے انتظامات اور تیاریوں سے متعلق بریفنگ دی

ڈپٹی کمشنر نے متعلقین پر زور دیا کہ وہ امتحان کے احسن انعقاد کیلئے تمام ضروری انتظامات قبل از وقت مکمل کریں ۔

بڈگام

سوریہ گھر مفت بجلی یوجنا کی عمل آوری کا PM ڈپٹی کمشنر بڈگام اطہر عامر خان نے ضلع میں جائزہ لینے کی خاطر کل ایک میٹنگ کی صدارت کی ۔اس دوران انہوں نے ضلع کے سبھی سب افسران کو ہدایت دی KPDCL ڈویژنوں میں روف ٹاپ سولر سسٹم کی تنصیب کا جائزہ لیتے ہوئے کہ وہ اسکیم کو گھر گھرپہنچانے کیلئے جانکاری پروگراموں کا انعقاد کریں۔

کولگام

ڈپٹی کمشنر کولگام شہزاد عالم نے کل ضلع کے کیموہ علاقے میں جاری ترقیاتی پروجیکٹوں اور تحصیل آفس کے کام کاج کا جائزہ لیا۔انہوں نے دور ے کے دوران سب ضلع اسپتال کیموہ کی تعمیرکا بھی جائزہ لیتے ہوئے متعلقہ ایجنسی کو پروجیکٹ بر وقت مکمل کرنے کی ہدایت دی۔تحصیل آفس کیموہ کے دورے کے دوران انہوں نے جمع بندیوں کی ویری فکیشن اور جن سُگم کے ذریعے اسناد کی تفویض کا بھی جائزہ لیا۔

دورے کے دوران ان کے ہمراہ اسسٹنٹ کمشنر ریو نیو اور دیگرافسران بھی تھے۔

Closing

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خدا حافظ

....

....

....

...